# ایک لومڑی اور مگرمچھ

ایک پیاسی لومڑی دَریا پر پانی پینے گئی۔ پانی پینے سے پہلے اس نے سوچا کہ ایسا نہ ہو کہ مگرمچھ میری تاک میں ہو اور پانی میں چھپا ہوا ہو۔

اس نے اُونچی آواز میں کہا ''پتا نہیں پانی کِتنا ٹھنڈا ہے۔ اچھا تو میں اپنا پاؤں پانی میں ڈال کر دیکھتی ہوں۔''

یہ کہہ کر لومڑی نے دَریا کے کِنارے سے ایک لکڑی اُٹھائی اور اسے دَریا میں لٹکایا۔

مگرمچھ جو پانی میں چُھپا بیٹھا تھا لکڑی کو لومڑی کی ٹانگ سمجھا، اور اسے منہ میں پکڑ کر کھینچا۔

لومڑی سمجھ گئی کہ یہ مگرمچھ ہی تھا جس نے لکڑی کو اس کی ٹانگ سمجھ کر کھینچا۔ وہ خوب ہنسی۔

مگرمچھ نے پانی سے سر نِکالا اور لومڑی کو بُرا بھلا کہتا ہوا وہاں سے چلا گیا۔

ملیشیا کی ایک پرانی کہانی